علوم القرآن (انگریزی) مؤلفہ احمد وان ڈینفر[1] (AHMED VON DENFFER

ناشر: اسلامک فاؤنڈیشن ۲۲۳ لندن روڈ - لائسسٹر (LE2 1ZE - U.K)،
دوسو کے قریب صفحات - قیمت درج نہیں -

بہت اچھی انگریزی میں لکھی ہوئی یہ کتاب بہت اچھے کاغذ پر بہت اچھے ٹائپ سے شائع شدہ ہے اور اس کا پیپر بیک ٹائیٹل بھی خوب ہے - اس کتاب کو پڑھتے ہوئے سیوطی کی الاتقان یاد آئی - خلاصہ مدعا یہ کہ قرآن کیا ہے، قرآن کیسا ہے، قرآن میں کیا کچھ ہے، اس کی ترتیب اس کے مباحث کیا ہیں - نیز کون سی سورتیں مکی ہیں، کون سی مدنی اور آیات میں محکم و متشابہ اور ناسخ و منسوخ وغیرہ کی تقسیم، وحی کا مفہوم، متنِ قرآن کا نزول، شانِ نزول، حفاظتِ قرآن اور کتابتِ قرآن کے انتظامات اور مستشرقین کے اعتراضات کے جواب اس میں پیش کر دیئے گئے ہیں۔ انگریزی زبان میں اپنے موضوع پر غالباً یہ پہلی کتاب ہو گی۔

---

نورستان از قلم حکیم محمد سعید صاحب، ناشر: ہمدرد فاؤنڈیشن پریس، ہمدرد سنٹر، ناظم آباد - کراچی ۱۸ - خاصے بڑے سائز کے ۴۴۵ صفحات - کاغذ سفید اعلیٰ، کتابت و طباعت دلآویز - دبیز رنگین ٹائیٹل - قیمت: اعلیٰ ایڈیشن (جو زیر تبصرہ ہے) ۱۵۰/- روپے، عام تبلیغی ایڈیشن ۵۰/- روپے - عام ایڈیشن کی اتنی کم قیمت اس کے پھیلانے میں بہت مدد دے گی -

حکیم صاحب محض طبیب ہوتے اور ہمدرد دواخانہ چلاتے تو بھی ان کی شخصیت تادیر جگمگاتی رہتی، مگر انہوں نے سماجی اور علمی و ادبی دائروں میں جن گوناگوں خدمات کا بیڑہ اٹھا رکھا ہے ان کی وجہ سے وہ ملک کے چند بڑے دانشوروں میں شمار کیے جا سکتے ہیں - وہ صرف دانشور ہی نہیں، مسلم دل و دماغ سے آراستہ ہیں - "نورستان" میں ان کے اسلامی شعور و جذ

---

[1] تحقیق نہیں کر سکا کہ اس نام کا اردو تلفظ کیا ہے! (ن ۔ ص)